409

# ملکۂ وفا زینبؑ

سلام بنتِ علی ملکۂ وفا زینبؑ
ہے زندہ تیرے کرم سے ہی کربلا زینبؑ

بغیرِ تیغ کے تو نے اُلٹ دیا دربار
ہوئی ہے تجھ پہ شجاعت کی انتہا زینبؑ

ہے دیں کا پردہ تری بے ردائی کا صدقہ
خدا کے دیں کی عبا ہے تری ردا زینبؑ

تماشہ دیکھنے بازار میں جو آئے تھے
اُنھی کو تُو نے تماشہ بنا دیا زینبؑ

کہا ہے دین نے تجھ کو حسینؑ بعدِ حسینؑ
کیا ہے کام بھی تُو نے حسینؑ سا زینبؑ

زمانے بھر میں بپا ہے حسینؑ کا ماتم
یہ معجزہ ہے ترا بانیِ عزا زینبؑ

یزیدیت کو اندھیروں میں قید کر آئی
اسیرِ رنج و محن غم کی مبتلا زینبؑ

علیؑ کی ذات ہے کون و مکان کی زینت
مگر علیؑ نے ہمیشہ تجھے کہا زینبؑ

نبیؐ رسولؐ کا کیا تذکرہ کرے گوہرؔ
سلام بھیج رہا ہے تجھے خدا زینبؑ